**16.01.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رَضوی

Music

..............................................................................

☆ حکومت نے مرکزی سرکاری ملازمین اور پنشن یافتگان کیلئے آٹھویں پے کمیشن کی تشکیل کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا کہنا ہے کہ اِس فیصلے سے زندگی کا معیار بہتر ہوگا اور اخراجات کو استحکام ملے گا۔

☆ مرکزی کابینہ نے سری ہری کوٹہ میں اِسرو کے ستیش دھون خلائی مرکز میں تیسرا لانچ پیڈ قائم کرنے کی منظوری دی ہے۔

☆ QS World Future Skills Index نے بھارت کو ڈیجیٹل مہارت کیلئے کناڈا اور جرمنی سے پہلے دوسرے نمبر پر رکھا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔

☆ چھتیس گڑھ میں جنوبی بستر کے جنگلوں میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ جاری تصادم میں کم از کم 12 ماؤنواز مارے گئے ہیں۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے برطانیہ کے وزیر دفاع John Healey کے ساتھ ٹیلیفون پر بات کی اور دفاعی تعاون کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

☆ اور انڈیا اوپن بیڈمنٹن میں پی وی سندھو اور کرن جارج سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

..............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Pay Commission***

حکومت نے مرکزی سرکاری ملازمین اور پنشن یافتگان کیلئے آٹھویں پے کمیشن تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے۔ اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے نئی دلّی میں اِس کا اعلان کیا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ساتویں پے کمیشن کی مدت 2026 میں ختم ہو رہی ہے اور آٹھویں پے کمیشن کی تشکیل  پے پینل کیلئے سفارشات حاصل کرنے کیلئے کافی وقت فراہم کرے گی۔ انھوں نے کہا کہ کمیشن کے چیئرمین اور دوممبروں کی جلد ہی نامزدگی کی جائے گی۔

**S/B 2100 Ashwini Vaishnav on 8th Pay Commission**

***PM Central PAY Commission***

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آٹھویں پے کمیشن کا فیصلہ زندگی کے معیار کو بہتر کرے گا اور اخراجات

کو استحکام فراہم کرے گا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے اُن تمام سرکاری ملازمین کی کوششوں کی ستائش کی جنھوں نے ایک وکست بھارت کی تعمیر کیلئے کام کیا ہے۔ اِس فیصلے سے 45 لاکھ سے زیادہ مرکزی سرکاری ملازمین اور 68 لاکھ سے زیادہ پنشن یافتگان کو فائدہ ہوگا۔ ریلوے تنظیموں کے رہنماؤں نے آٹھویں پے کمیشن کی تشکیل کے اعلان کیلئے مرکزی سرکار کا شکریہ ادا کیا ہے۔ آل انڈیا ریلوے مینس فیڈریشن کے جنرل سکریٹری اور اسٹاف سائڈ کے سکریٹری شیو گوپال مشرا نے آج ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو سے نئی دلّی میں ملاقات کی۔

میٹنگ کے دوران انھوں نے 40 لاکھ شہریوں اور 29 لاکھ دفاعی اور نیم فوجی دستوں اور پنشن یافتگان کی طرف سے وزیراعظم مودی کا شکریہ ادا کیا۔انڈین ریلوے مینس کے قومی فیڈریشن کے صدر گومَن سنگھ نے بھی اِس فیصلے کیلئے وزیر اعظم اور سرکار کا شکریہ ادا کیا ہے۔انڈین ریلوے مینس کے قومی فیڈریشن کے نائب صدر بی سی شرما نے بھی وزیر اعظم نریندر مودی اور ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کا شکریہ ادا کیا ہے۔

**S/B 2100 BC Sharma**

### Republic Day Chief Guest

انڈونیشیا کے صدر Prabowo Subianto اِس سال 76ویں یومِ جمہوریہ کی تقریبات میں مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ وزیراعظم نریندر مودی کی دعوت پر صدر Subianto، پچیس اور چھبیس جنوری کو بھارت کا سرکاری دورہ کریں گے۔ وزارتِ خارجہ کے مطابق، صدر Subianto کا اکتوبر 2024 میں عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ بھارت کا اُن کا پہلا دورہ ہوگا۔ یہ دورہ دونوں ملکوں کے رہنماؤں کو باہمی تعلقات کا جامع جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ باہمی مفاد کے علاقائی اور عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کا موقع فراہم کرے گا۔ بھارت اور انڈونیشیا کے درمیان بہتر اور دوستانہ تعلقات ہیں۔ ایک جامع کلیدی شراکت دار کے طور پر، انڈونیشیا، بھارت کے ایکٹ ایسٹ پالیسی اور بھارت-بحرالکاہل خطے میں ایک اہم ملک ہے۔x

### Prez National Sports Award

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو گل راشٹرپتی بھون میں 2024 کے قومی کھیل ایوارڈس عطا کریں گی۔ شطرنج کے عالمی چمپئن ڈی گوکیش، پیرس اولمپک میں دو مرتبہ تمغہ جیتنے والی منو بھاکر، بھارتی ہاکی ٹیم کے کپتان ہرمن پریت سنگھ اور پیرس پیرالمپکس میں سونے کا تمغہ جیتنے والے پروین کمار کو میجر دھیان چند کھیل رتن ایوارڈ سے سرفراز کیا جائے گا۔ یہ ایوارڈ گذشتہ چار سالوں میں کھیل کے مختلف شعبوں میں شاندار اور عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کو دیا جاتا ہے۔x

### Mandaviya Conference

محنت اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے مہارت اور معیار کے باہمی تسلیم جیسے اقدامات کے ذریعے عالمی پیمانے پر افرادی قوت کی کمی سے نمٹنے میں بھارت کے امکانات کو اجاگر کیا ہے۔ ملازمتوں کے مستقبل پر نئی دلّی

میں ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب مانڈویا نے کہا کہ مہارت کا حصول سرٹیفکیٹس پر مبنی نہیں ہونا چاہئے بلکہ افرادی قوت کو پریکٹیکل مہارت سے لیس کرانے پر توجہ مرکوز کی جانی چاہئے تاکہ صنعت اور خود روزگار کے شعبوں کی مانگوں کو پورا کیا جاسکے۔ انھوں نے کہا کہ صنعت اور تعلیم کے درمیان ایک مضبوط ربط، بھارت کی منفرد ضرورتوں کو پورا کرنے کیلئے مہارت پر مبنی ایک ماڈل تیار کرسکتا ہے۔x

## Cabinet Launch PAD

مرکزی کابینہ نے آج آندھراپردیش کے سری ہری کوٹہ میں اِسرو کے ستیش دَھون خلائی مرکز میں تیسرا لانچ پیڈ TLP قائم کرنے کی منظوری دی ہے۔ TLP پروجیکٹ کا مقصد اِسرو کی اگلی نسل کی لانچ گاڑیوں کو سری ہری کوٹہ سے لانچ کرنے کے بنیادی ڈھانچے قائم کرنا اور وہاں دوسرے لانچ پیڈ کیلئے ایک اسٹینڈبائی لانچ پیڈ کی بھی حمایت کرنا ہے۔ یہ بھارت کے مستقبل کے انسانی خلائی جہاز کے مشنوں کے لانچ کی صلاحیت کو بھی بہتر کرے گا۔

مرکزی کابینہ کی میٹنگ کے بعد نئی دلّی میں میڈیا کو معلومات فراہم کرتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ تیسرا لانچ پیڈ خلائی بنیادی ڈھانچے میں ملک کیلئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔

S/B 2100 Ashwini Cabinet Launch PAD

## ISRO Spadex

بھارتی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو نے آج SpaDex مشن کے تحت Chaser اور Target نامی دو سیٹلائٹ کی Docking کامیابی کے ساتھ مکمل کرکے تاریخ رقم کی ہے۔ اِسرو کے ذریعے سودیشی طرز پر تیار کئے گئے بھارتیہ Docking سسٹم کی شاندار کامیابی کے ساتھ بھارت، امریکہ، روس اور چین کے بعد اِس ٹیکنالوجی کا استعمال کرنے والا چوتھا ملک بن گیا ہے۔ Docking ٹیکنالوجی خلائی اسٹیشن اور عملے کے مشن کی تیاری کیلئے نہایت اہم ہے۔اِسرو کے چیئرمین ڈاکٹر وی نارائنن نے اِس کامیابی پر ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

S/B 2100 Dr V narayanan ISRO

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کی خلائی صلاحیتوں کو مستحکم کرنے کیلئے اسرو کو نیک خواہشات پیش کی ہیں۔

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیرمملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اِس بات کو اجاگر کیا ہے کہ یہ پوری طرح سودیشی طرز پر تیار کیا گیا بھارتی Docking سسٹم ہے۔

S/B 2100 Jitendra Singh ISRO

## Singapore Prez Visit

سنگاپور کے صدر Tharman Shanmugaratnam نے آج شام راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے کئی معاملوں پر تبادلہ خیال کیا۔ بات چیت کے دوران، بھارت اور سنگاپور کے درمیان جامع کلیدی شراکت

داری کو مزید مستحکم کرنے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔میٹنگ کے دوران، صدر مرمو اور صدر Shanmugaratnam نے دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے سات سال مکمل ہونے کی یاد میں ایک مشترکہ لوگو کی نقاب کشائی کی۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی سنگاپور کے صدر سے ملاقات کی۔ سنگاپور کے صدر بھارت کے پانچ روزہ دورے پر ہیں۔ یہ ان کا بھارت کا پہلا دورہ ہے۔ وہ کل اڈیشہ کے دو دن کے دورے پر ہوں گے۔x

## Mahakumbh

اور اب مہا کمبھ سے متعلق خبریں:

Montage

پریاگ راج کے مہا کمبھ میلے میں آج سے عظیم الشان ثقافتی تقریب، ''سنسکرتی کا مہا کمبھ'' شروع ہوگئی ہے۔ اِس تقریب کا افتتاح، اترپردیش کے نائب وزیر اعلیٰ کیشو پرساد موریہ نے گنگا پنڈال میں کیا۔

''سنسکرتی کا مہا کمبھ''، 24 فروری تک جاری رہے گا۔ اِس کے ساتھ ہی میلے کے احاطے کے مختلف پنڈالوں جیسے یمنا، ایراوَت اور ترویني میں بھی بڑی ثقافتی تقریبات شروع ہوگئی ہیں۔

## PM QS World Future

QS World Future Skills Index نے بھارت کو ڈیجیٹل مہارت کیلئے کناڈا اور جرمنی سے پہلے دوسرے نمبر پر رکھا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اِس کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ پچھلی دہائی میں سرکار نے مہارتوں سے لیس کرنے کے ساتھ ملک کے نوجوانوں کو مستحکم کرنے کا کام کیا ہے تاکہ اُنھیں خودکفیل بنایا جاسکے۔وزیر اعظم نے کہا کہ QS World Future Skills انڈیکس کی درجہ بندی اہم ہے کیونکہ ملک خوشحالی اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی راہ پر تیز رفتار سے گامزن ہے۔x

## PM Bharat Global Expo

وزیر اعظم نریندر مودی کل نئی دلّی میں بھارت موبیلیٹی گلوبل ایکسپو 2025 کا افتتاح کریں گے۔ چھ روزہ نمائش میں 9 سے زیادہ متوازی شوز، 20 سے زیادہ کانفرنس اور پویلین ہوں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ اِس ایکسپو میں ریاستوں کے اجلاس بھی ہوں گے، جس میں صنعت اور علاقائی سطح پر تال میل کو فروغ دینے کی غرض سے نقل وحمل کے شعبے کی پالیسیوں اور اقدامات کی نمائش کی جائے گی۔ دنیا بھر کے نمائش کار اور شائقین کی شرکت کے ساتھ اِس سال کی نمائش میں عالمی اہمیت پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔x

## Electronics Export

کامرس کی وزارت کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق بھارت کی الیکٹرونکس برآمدات، دسمبر 2024

میں 35 اعشاریہ ایک ایک فیصد سے بڑھ کر دو سال کی بلند ترین سطح 3 اعشاریہ پانچ-آٹھ ارب ڈالر ہوگئی ہے۔

گزشتہ سال دسمبر میں بھارت کی الیکٹرونکس برآمدات کا حجم، 2 اعشاریہ چھ-پانچ ارب ڈالرس تھا۔ بھارت کی الیکٹرونکس برآمدات میں یہ اضافہ، معیاری بھارتی اشیاء کی بڑھتی غیر ملکی مانگ اور گھریلو پیداوار کی صلاحیت میں بہتری کی نشاندہی کرتا ہے۔

موجودہ مالی سال میں اپریل سے دسمبر کے درمیان ملک کی الیکٹرونکس برآمدات میں 28 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا تھا اور یہ 26 اعشاریہ ایک ایک ارب ڈالرس پر پہنچ گئے تھے۔ وہیں سال 24-2023 میں الیکٹرونکس برآمدات کا حجم، 20 اعشاریہ 3 ارب ڈالرس تھا۔

مرکز کی جانب سے پیداوار سے مربوط ترغیباتی اسکیم، PLI کی کامیابی کی بدولت، بھارت کی الیکٹرونکس اشیاء، ملک کی برآمدات میں سب سے تیزی سے جگہ بنانے والی مصنوعات بن گئی ہیں۔

الیکٹرونکس کے شعبے میں اسمارٹ فون برآمدات میں 45 فیصد بڑھوتری درج کی گئی ہے کیونکہ سرکردہ برینڈز جیسے Apple اور Samsung نے ملک میں اپنی مینوفیکچرنگ کا دائرہ بڑھایا ہے۔ PLI اسکیم اور حکومت کی جانب سے جلد منظوری دیئے جانے سے بھی اِس سلسلے میں بڑی کامیابی ملی ہے۔ x

## *Chhattisgarh Maoists Encounter*

چھتیس گڑھ میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ جاری ایک جھڑپ میں کم از کم 12 ماؤنواز مارے گئے ہیں۔ یہ جھڑپ آج صبح سے تلنگانہ سرحد پر بیجاپور ضلع میں جنوبی بستر کے جنگلوں میں جاری ہے۔ ماؤنوازوں کی ایک بڑی تعداد کی موجودگی کے بارے میں اطلاع ملنے کے بعد، مرکزی ریزرو پولیس فورس، کوبرا بٹالین اور ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ کی ایک مشترکہ ٹیم جنوبی بستر کے جنگلوں میں تلاشی کی ایک کارروائی کر رہی تھی۔ بستر رینج کے پولیس انسپکٹر جنرل اور CRPF کے آئی جی، پوری کارروائی کی نگرانی کر رہے ہیں۔ پولیس کے مطابق ماؤنوازوں کو اِس کارروائی میں زبردست نقصان ہوا ہے۔x

## *Rajnath UK Secretary*

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج برطانیہ کے وزیر دفاع John Healey سے ٹیلیفون پر بات کی ہے۔ دونوں وزراء نے جاری دفاعی تعاون کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا اور باہمی تعلقات کی رفتار کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ دونوں رہنماؤں نے الیکٹرک Propulsion اور جیٹ انجن جیسے شعبوں میں اہم دفاعی ٹیکنالوجی میں دونوں ملکوں کے درمیان پیشرفت کا بھی جائزہ لیا۔

طرفین نے الیکٹرک Propulsion پر حال ہی میں دستخط کئے گئے اسٹیٹمنٹ آف اِن ٹینٹ پر اطمینان کا اظہار کیا۔ بھارت-بحرالکاہل پر برطانیہ کی بڑھتی ہوئی توجہ کے ساتھ دونوں ممالک 2025 میں مشترکہ ورک اور بڑھتے ہوئے بحری رابطوں کے امکانات تلاش کریں گے۔x

**Badminton**

بیڈمنٹن میں آج پی وی سندھو نے دوسرے راؤنڈ میں جاپان کے Manami Suizu سے جیت حاصل کرکے بھارتی اوپن کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ سندھو نے نئی دلّی کے اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈیم میں 46 منٹ میں اپنے حریف کو 15-21، 13-21 سے شکست دی۔ سندھو کا اگلا مقابلہ، کل انڈونیشیا کی Gregoria Mariska Tunjung کے ساتھ ہوگا۔

مردوں کے سنگلز میں کرن جارج کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے فرانس کے Alex Lanier کے کے خلاف بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اُنہیں 20-22، 13-21 سے شکست دی۔ جارج کا اگلا مقابلہ، کل چین کے Weng Hongyang سے ہوگا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆